خاصیت بھی انہیں اس چیز سے نہ روک سکی اور نہ انکے حوصلے پست کر سکی کہ وہ اللہ تعالیٰ کا پیغام وحدانیت ان لوگوں تک پہنچا تیں۔ انہوں نے بلا خوف وخطر آگ میں کودنا قبول کیا لیکن اپنے ایمان ویقین اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانے سے پیچھے نہ ہٹے۔ اور کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہ کیا۔

جنابِ والا! نمرود اور اسکے حواریوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جلتی ہوئی آگ کے الاؤ میں پھینک دیا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے خلیل اور دوست کو بچانے کا پورا انتظام کیا ہوا تھا۔ آگ کو حکم دیا گیا یٰنَارُ كُوْنِي بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ۔ اے آگ ابراہیم پر ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو جا، لہذا حکم خداوندی کے تحت آگ ٹھنڈی اور گل وگلزار ہو گئی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کوئی بھی گزند یا تکلیف نہ پہنچی اور وہ خیر و عافیت سے اس جلتی ہوئی آگ میں زندہ وسلامت رہے اور باہر نکل آئے۔ تو یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے عشق کی انتہا تھی کہ وہ بلا خوف وخطر نمرود کی بھڑکائی ہوئی آگ میں کودنے کو تیار تھے۔ کیونکہ انہیں یقین تھا کہ خدائے واحد کی ذات انہیں مایوس نہیں کرے گی اور انہیں بچائے گی۔ اور اسی طرح ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے دوست اور خلیل کو جلتی ہوئی آگ میں سے بچا کر یہ بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنے والے اور اسکے ساتھ شرک نہ کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ اپنے حفظ و امان رکھتا ہے اور انکی جان و مال کی حفاظت کرتا ہے۔

والسلام

سبق نمبر 12

انفارمیشن ٹیکنالوجی

مرکزی خیال

انفارمیشن کے معنی معلومات کے ہیں خواہ معلومات کا تعلق ماضی، حال یا مستقبل سے ہو۔ ان معلومات کے ذریعوں کو ٹیکنالوجی کہا جاتا ہے۔ آج معلومات کا تبادلہ کرنا، اسے محفوظ کرنا، دوبارہ ضرورت پڑنے پر استعمال کرنا نہایت آسان ہے۔ یہ سب بیسویں صدی میں کمپیوٹر کی ایجاد سے ممکن ہوا ہے۔ پیدائش، موت، نکاح، طلاق، ڈومیسائل، فرد ملکیت، ڈرائیونگ لائسنس، ٹیکس، قومی شناختی کارڈ، پاسپورٹ کا حصول انفارمیشن ٹیکنالوجی سے نہایت آسان ہو گیا ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ذریعے اردو پورٹل، اردو سرچ انجن، اردو انسائیکلو پیڈیا، لغات اور دستاویزات کی طباعت، اردو آموزش سافٹ ویئر، بچوں کا ادب وغیرہ کا اجراء ہو چکا ہے۔

خلاصہ

انفارمیشن انگریزی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ''معلومات'' کے ہیں۔ معلومات خواہ ماضی، حال یا مستقبل سے متعلقہ ہوں ان معلومات کی بنیاد پر ہم کچھ اقدامات کر کے اپنی زندگی کو آسان بنا سکتے ہیں۔ آج کی دنیا میں ان معلومات کو حاصل کرنے کے ذریعوں کو ٹیکنالوجی کہا جاتا ہے۔ سب سے پہلے انسان اشاروں کے ذریعے اور حرکات و سکنات کے ذریعے سے اپنی معلومات دوسروں تک پہنچاتا تھا مگر پھر اس کے بعد کاغذ ایجاد ہوا تو لوگوں نے کتاب کو معلومات کے منتقل کرنے کا ذریعہ بنا لیا۔ بیسویں صدی میں کمپیوٹر کی ایجاد سے پیغامات اور معلومات کے تبادلے کا عمل نہایت آسان اور تیز تر ہو گیا۔ یوں دنیا گلوبل ویلیج بن گئی۔

انگریزی اور دیگر زبانوں کی طرح اردو نے بھی خود کو انفارمیشن ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کر لیا ہے۔ آج پاکستان میں اردو اخبار کمپیوٹر کی مدد سے لکھے جانے لگے ہیں۔ ایک سافٹ ویئر تیار کرنے والی کمپنی نے ۱۹۸۰ء میں اردو سافٹ ویئر تیار کیا۔ اردو سافٹ ویئر کے سفر کو تقریباً چونتیس برس کا عرصہ ہو چکا ہے۔ انٹرنیٹ کی ویب سائٹ ریختہ ڈاٹ او آر جی پر ابجدی فہرست میں تین ہزار سے زائد شاعروں کے کلام کی ویڈیوز موجود ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ اس ویب سائٹ پر تا حال ہزاروں غزلوں، متفرق اشعار و نظموں کے علاوہ ای۔بکس کا گراں قدر سرمایہ موجود ہے۔ انٹرنیٹ کی سب سے بڑی کمپنی گوگل نے دنیا کی مختلف زبانوں کا باہمی ترجمے کا اہتمام بھی کر دیا ہے جسے گوگل ترجمہ کاری کہا جاتا ہے۔

اردو زبان کی تحقیقات کو عام لوگوں تک پہنچانا چاہیے تاکہ اردو زبان کو فروغ ملے اور عام لوگوں کی زندگی کو آسان بنانے میں مدد بھی ملے۔

www.downloadclassnotes.com

پیراگراف کی تشریح

اقتباس نمبرا۔ طالب علم کے لیے تو..................... تشریح کے لیے استعمال کریں۔

حوالہ متن: سبق کا نام: انفارمیشن ٹیکنالوجی

تشریح: طالب علموں کو اردو ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ اب انٹرنیٹ پر دنیا بھر میں ہونے والی تحقیقات کا مواد موجود ہے، جس سے طلبا اپنی مذہبی اور معاشرتی حدود کے اندر رہ کر فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ خود بھی اردو میں تحقیق کر سکتے ہیں۔ بعد ازاں اس مواد کو دوسروں سے تبادلہ بھی کر سکتے ہیں۔

پڑھنے سے پہلے پوچھیے

○ **موبائل فون سے ہم کیا کیا کام لے سکتے ہیں؟**

جواب: موبائل فون سے ہم بات کر اور سن سکتے ہیں۔ پیغام بھیج اور وصول کر سکتے ہیں۔ تصاویر بنا سکتے ہیں، ویڈیوز بنا سکتے ہیں، انٹرنیٹ استعمال کر سکتے ہیں۔ مواد بھیج اور وصول کر سکتے ہیں۔

○ **تعلیمی میدان میں انٹرنیٹ کا استعمال بیان کریں۔**

جواب: انٹرنیٹ تعلیمی میدان میں بھی بہت فائدہ مند ہے۔ آپ کو کوئی بھی معلومات لینی ہوں، کسی بھی موضوع پر تلاش کرنا ہو، کسی بھی مضمون کی کسی بھی شاخ کے متعلق پڑھنا ہو آپ انٹرنیٹ سے رہنمائی لے سکتے ہیں۔

اہم الفاظ

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
انفارمیشن	معلومات	فرد ملکیت	زمین کے مالک ہونے کا ثبوت
ترسیل	پہنچانا	ہم آہنگ	ایک آواز ہونا
ٹیکنالوجی	مشینی طریقہ	وابستہ	جڑا ہوا
دستاویز	اہم کاغذات	طباعت	چھپائی، چھاپنا

پڑھنے کے دوران میں

○ **اُردو سافٹ ویئر کب تیار ہوا؟**

جواب: اُردو سافٹ ویئر 1980 میں تیار ہوا۔

○ **گوگل ترجمہ کاری کسے کہتے ہیں؟**

جواب: گوگل ترجمہ کاری کے ذریعے کوئی بھی شخص کسی بھی زبان کے ادب پاروں اور سائنسی تحقیقات کو اپنی زبان میں ترجمہ کر سکتا ہے۔

مشق

پڑھیے اور لکھیے

ا۔ درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

(الف) انفارمیشن ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟

جواب: انفارمیشن انگریزی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب معلومات ہے۔ معلومات کا تعلق ماضی، حال اور مستقبل سے ہوتا ہے۔ ان معلومات کی بنیاد پر کچھ اقدامات کے ذریعے ہم اپنی زندگی آسان بنا سکتے ہیں۔ آج کی دنیا میں ان معلومات کے حاصل کرنے کے ذریعوں کو ٹیکنالوجی کہا جاتا ہے۔

(ب) زمانہ قدیم میں لوگ آپس میں معلومات کا تبادلہ کس طرح کرتے تھے؟

جواب: پہلے پہل انسان، اشاروں اور جسمانی حرکات سے اپنی معلومات دوسروں تک پہنچاتا تھا۔ اس کے اگلے مرحلے میں انسان نے بولنا سیکھا جس سے معلومات کی ترسیل مزید آسان ہوئی۔ جب کاغذ ایجاد ہوا تو کتاب کی شکل میں معلومات ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا شروع ہو گئیں۔

www.downloadclassnotes.com

(ج) پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی سے کیا تبدیلیاں آئی ہیں؟

جواب: پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی سے بہت ترقی ہوئی ہے۔ پہلے اردو زبان محدود تھی اب پوری دنیا میں پھیل چکی ہے۔ پیدائش، موت، نکاح، طلاق، ڈومیسائل، فرد ملکیت، ڈرائیونگ لائسنس، ٹیکس، قومی شناختی کارڈ، پاسپورٹ کا حصول انفارمیشن ٹیکنالوجی سے نہایت آسان ہوگیا ہے۔ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بہتری آئی ہے۔ آپ کہیں بھی بیٹھے اپنے پورے گھر اور آفس کو اپنے سمارٹ فون پر دیکھ سکتے ہیں۔

اس جدید ٹیکنالوجی کی بدولت مختلف ممالک کے لاکھوں قارئین اردو زبان و ادب، ایک دوسرے کی تحریریں ملاحظہ کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ اردو شعر و ادب کی ترقی و ترویج میں فیس بک، ٹویٹر، ہائی فائی، سوشل نیٹ ورک سائٹس، فارمس اور بلاگس نے اردو شاعروں اور ادیبوں کو اپنی تخلیقات دوسروں تک پہنچانے کا بڑا موقع فراہم کیا ہے۔ انٹرنیٹ نے دوریاں اور سرحدیں ختم کردی ہیں۔ اب دنیا ایک عالمی گاؤں بن گئی ہے۔

(د) کسی زبان کی بقا کے لیے جدید ٹیکنالوجی کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: کسی زبان کی بقا کے لیے جدید ٹیکنالوجی کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ موجودہ دور میں زبان کی بقا جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ منسلک ہونے میں مضمر ہے۔

(ہ) اردو زبان نے کب اور کیسے انفارمیشن ٹیکنالوجی کا سہارا لیا؟

جواب: دوسری زبانوں کی طرح پہلے اردو زبان ریڈیو اور ٹیلی ویژن تک ہی محدود تھی مگر وقت کے ساتھ ساتھ کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کے سہارے اس زبان کا دائرہ کار پوری دنیا میں پھیل گیا ہے۔ اب اردو زبان کا شمار انٹرنیٹ پر موجود چند بڑی زبانوں میں ہونے لگا ہے۔ اردو بولنے والے کمپیوٹر یا موبائل کے ذریعے ای-ٹیوشن، ای-لرننگ، ای-ایجوکیشن اور ای-بکس کی مدد سے دنیا کے ساتھ جڑ گئے ہیں۔ یہ زبان سائبر اسپیس میں بھی اپنے قدم جمانے کے بعد تکنیکی و سائنسی ترقی سے بھی ہم آہنگ ہوگئی ہے۔

اردو زبان اپنے فونیٹک کی-بورڈ، اینڈرائیڈ اردو کی بورڈ، آن لائن اور آف لائن لغت، وکی پیڈیا، انسائیکلو پیڈیا، جامع اردو پورٹل اور اردو سوفٹ ویر کے ذریعے اردو ترقی کے سفر پر گامزن ہے۔

اردو کی بورڈ منیجر اور اردو فونٹ میں خط نسخ کے بارہ فونٹس اور ایک خط نستعلیق فونٹ کے اجراء سے اردو زبان پر جدید ٹیکنالوجی کے دروازے کھل گئے ہیں۔ موبائل فون، لیپ ٹاپ، کمپیوٹر اور ونڈو فون پر اردو زبان میں استعمال کی راہ ہموار ہوگئی ہے کیونکہ اردو زبان میں جدید ٹیکنالوجی سے وابستہ ہونے کی تمام تر صلاحیتیں موجود ہیں۔ اگر اردو کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ نہ کیا جاتا تو اس کی بقا خطرے میں تھی لیکن اردو کو انفارمیشن ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے کے سلسلے میں برصغیر میں جو اقدامات کیے گئے ہیں، وہ اردو کے تابناک مستقبل کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

(و) اردو پورٹل کی اہمیت بیان کریں۔

جواب: اردو پورٹل نے اردو سرچ انجن، اردو انسائیکلو پیڈیا، لغات اور دستاویزات کی طباعت، اردو آموزش سافٹ ویر، بچوں کا ادب وغیرہ جیسی معلومات فراہم کی ہیں۔

سوال نمبر ۲۔ سبق کے مطابق درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

۱۔ **انفارمیشن لفظ ہے:**

(الف) اردو کا (ب) انگریزی کا

(ج) فارسی کا (د) لاطینی کا

درست جواب: (ب) انگریزی ✓

۲۔ **معلومات کے حاصل کرنے کی ٹیکنالوجی کہا جاتا ہے۔**

(الف) مشین (ب) صلاحیت

(ج) تکنیک (ذریعوں) (د) کوشش

درست جواب: (ج) تکنیک (ذریعوں) ✓

۳۔ کس صدی میں کمپیوٹر کی ایجاد سے معلومات کی دنیا میں جو انقلاب برپا ہوا۔

(الف) بیسویں (ب) اکیسویں

(ج) بائیسویں (د) تیئیسویں

درست جواب: (الف) بیسویں ✓

۴۔ ترقی یافتہ زبانوں نے اپنے آپ کو آہنگ کر لیا ہے:

(الف) اخبارات (ب) کتابوں

(ج) ایک دوسرے (د) انفارمیشن ٹیکنالوجی

درست جواب: (د) انفارمیشن ٹیکنالوجی ✓

۵۔ کس زبان کا شمار انٹرنیٹ پر موجود چند بڑی زبانوں میں ہونے لگا ہے۔

(الف) اردو (ب) بلوچی

(ج) سندھی (د) پنجابی

درست جواب: (الف) اردو ✓

سنیے اور بولیے

۳۔ درج ذیل پیراگراف پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جواب دیں۔

دنیا میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ذریعے ہر شعبے میں انقلاب برپا کیا جا چکا ہے۔ پاکستان میں بھی اس کے تعاون سے صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بہت بہتری آئی ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ذریعے صوبائی اور وفاقی محکموں سے متعلق سے مختلف دستاویزات کا حصول آسان ہوگیا ہے۔ مثلاً پیدائش، موت، نکاح، طلاق، ڈومیسائل، فردملکیت، ڈرائیونگ لائسنس، ٹوکن ٹیکس قومی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کا حصول وغیرہ۔ اب تو آپ کہیں بھی بیٹھے اپنے پورے گھر اور آفس کو اپنے اسمارٹ فون پر دیکھ سکتے ہیں اور کسی کمرے میں فالتو چلنے والا اے سی یا بلب تک کو بند کر سکتے ہیں۔ یہ سب انفارمیشن ٹیکنالوجی کی بدولت ہی ممکن ہوا۔

(الف) کس چیز کے ذریعے دنیا میں انقلاب برپا ہوا ہے؟

جواب: دنیا میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ذریعے انقلاب برپا ہوا ہے۔

(ب) انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ذریعے دستاویزات کا حصول کیسے آسان ہوا ہے؟

جواب: انفارمیشن ٹیکنالوجی کی ذریعے پیدائش، موت، نکاح، طلاق، ڈومیسائل، فردملکیت، ڈرائیونگ لائسنس ٹوکن ٹیکس، قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ وغیرہ جیسی دستاویزات کا حصول آسان ہوگیا ہے۔

(ج) اسمارٹ فون آپ کے لیے کس قدر مفید ہے؟

جواب: سمارٹ فون کے ذریعے پورے گھر اور آفس کو دیکھ سکتے ہیں کسی کمرے میں فالتو چلنے والا اے سی یا بلب بند کر سکتے ہیں مختلف معلومات حاصل کر سکتے ہیں یوٹیلیٹی بل کو دیکھ سکتے ہیں بینکنگ کا نظام سمارٹ فون سے کر سکتے ہیں۔

زبان سیکھیے

۳۔ درج ذیل الفاظ کے معنی لغت سے تلاش کریں اور پھر جملے بنائیں:

جواب:

الفاظ	معانی	جملے
بقا	باقی رہنا	ہمیں اپنی بقا کی جنگ لڑنی ہے۔
ترسیل	بھیجنا پہنچانا	ہم اپنی دستاویزات کو کورپر سے ترسیل کرتے ہیں۔
دستاویز	اہم کاغذات	دستاویزات کو احتیاط سے رکھنا چاہیے۔
ترقی یافتہ	ترقی کرتا ہوا	چین ایک ترقی یافتہ ملک ہے۔
گامزن	چلنا	پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔

۵۔ درج ذیل کے عبارت کی تلخیص کریں۔

اردو سافٹ ویئر کا سفر تقریباً چونتیس برسوں پر محیط ہے۔

ایک سافٹ ویئر تیار کرنے والی غیر کمپنی نے ۱۹۸۰ میں اردو سافٹ ویئر تیار کیا۔ پاکستان میں کمپیوٹر کے ذریعے اردو اخبار لکھے جاتے ہیں۔ آج کاتب، شاہکار، خطاط، صفحہ ساز، اردو پبلشر اور ان پیج وغیرہ کا وجود عمل میں آ چکا ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی کا بہترین کارنامہ اردو پورٹل کے ذریعے اردو سرچ انجمن، اردو انسائیکلوپیڈیا، لغات اور دستاویزات کی طباعت، اردو آموزش سافٹ ویر، بچوں کا ادب وغیرہ کا اجزاء ہیں۔

تلخیص

اردو سافٹ ویئر ایک غیر ملکی کمپنی نے 1980 میں تیار کیا۔ کمپیوٹر سے اردو اخبار لکھے جاتے ہیں اردو پورٹل کے ذریعے اردو سرچ انجمن، انسائیکلوپیڈیا، لغات اور دستاویزات کی طباعت اور ادب وغیرہ کا اجراء ہے۔

سوچیے اور لکھیے

۶۔ ''جدید ٹیکنالوجی'' کے عنوان سے دو سو پچاس الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کریں۔

انفارمیشن انگریزی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب معلومات ہے۔ معلومات کا تعلق ماضی، حال اور مستقبل سے ہوتا ہے۔ ان معلومات کی بنیاد پر کچھ اقدامات کے ذریعے ہم اپنی زندگی آسان بنا سکتے ہیں۔ آج کی دنیا میں ان معلومات کے حاصل کرنے کے ذریعوں کو ٹیکنالوجی کہا جاتا ہے۔

بیسویں صدی میں کمپیوٹر کی ایجاد سے پیغامات اور معلومات کے تبادلے کا عمل نہایت آسان اور تیز تر ہو گیا۔ یوں دنیا گلوبل ولیج بن گئی۔ آج معلومات کا تبادلہ کرنا، اسے محفوظ کرنا، دوبارہ ضرورت پڑنے پر استعمال کرنا نہایت آسان ہے۔ بیسویں صدی میں کمپیوٹر کی ایجاد سے پیدائش، موت، نکاح، طلاق، ڈومیسائل، فرد ملکیت، ڈرائیونگ لائسنس، ٹیکس، قومی شناختی کارڈ، پاسپورٹ کا حصول انفارمیشن ٹیکنالوجی سے نہایت آسان ہو گیا ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ذریعے اردو پورٹل، اردو سرچ انجمن، اردو انسائیکلوپیڈیا، لغات اور دستاویزات کی طباعت، اردو آموزش سافٹ ویئر بچوں کا ادب وغیرہ کا اجرا ہو چکا ہے۔

انٹرنیٹ کی سب سے بڑی کمپنی گوگل نے دنیا کی مختلف زبانوں کا باہمی ترجمے کا اہتمام بھی کر دیا ہے جسے گوگل ترجمہ کاری کہا جاتا ہے۔ انٹرنیٹ تعلیمی میدان میں بھی بہت فائدہ مند ہے۔ آپ کو کوئی بھی معلومات لینی ہوں، کسی بھی موضوع پر تلاش کرنا ہو، کسی بھی مضمون کی کسی بھی شاخ کے متعلق پڑھنا ہو آپ انٹرنیٹ سے رہنمائی لے سکتے ہیں۔

عمل کیجیے

۷۔ اپنے استاد کی رہنمائی میں اپنی کلاس میں پانچ پانچ طلبہ کی دو ٹولیاں بنائیں ایک ٹولی انٹرنیٹ کے فوائد اور دوسری ٹولی اس کے نقصانات سے آگاہ کرے۔

جواب: **انٹرنیٹ کے فوائد**

1- گوگل (سرچ انجن) نے ہر فرد کو معلومات کے عظیم ذخیرے تک پہنچا دیا ہے۔

2- انٹرنیٹ سے معلومات کو ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

3- انٹرنیٹ کو مواصلاتی نظام کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

4- انٹرنیٹ پر ای-لرننگ کی جا سکتی ہے۔

5- انٹرنیٹ پر معلوماتی، تفریحی اور ہر طرح کے پروگرام دیکھے جا سکتے ہیں۔

انٹرنیٹ کے نقصانات

1- طلباء انٹرنیٹ پر گیمز کھیل کر اپنا قیمتی وقت ضائع کرتے ہیں۔

2- کمپیوٹر یا موبائل پر زیادہ انٹرنیٹ استعمال کرنے سے نظر کمزور ہو جاتی ہے۔

3- سماجی رابطے کی ویب سائٹس جیسا کہ فیس بک پر لوگ ایک دوسرے کو دھوکا دیتے ہیں۔

4- آن لائن شاپنگ، آن لائن کام، آن لائن پراپرٹی خریدنے میں بھی دھوکا ہوتا ہے۔

5- انٹرنیٹ کی وجہ سے سائبر جرم کی شرح میں اضافہ ہوا ہے۔

www.downloadclassnotes.com

عمل کیجیے

۸۔ اپنی سالگرہ کا دعوت نامہ اردو میں ٹائپ کر کے اپنے دوستوں کو واٹس ایپ کریں۔

اسلام آباد

۱۵ اپریل ۲۰۲۰ء

پیارے دوست!

السلام علیکم!

امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ میری سالگرہ کی تقریب منعقد کی جا رہی ہے۔ تقریب کا مقام، تاریخ اور وقت ذیل میں درج ہے۔

سالگرہ بمقام: اسلام آباد بینکوئٹ ہال

تاریخ: ۲۵ اپریل ۲۰۲۰ء بروز ہفتہ

وقت: شام ۷ بجے

اس پر مسرت موقع پر میں آپ کو تمام گھر والوں کے ہمراہ شرکت کی دعوت دیتا ہوں۔ آپ کی شرکت باعث مسرت ہوگی۔ براہ کرم وقت کی پابندی کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔

والسلام

آپ کا دوست

الف۔ب۔ج

سبق نمبر13

ہلال احمر پاکستان

مرکزی خیال

ہلال احمر پاکستان ۱۹۸۴ء سے انٹرنیشنل انجمن ہلال احمر اور انٹرنیشنل ریڈ کراس فیڈریشن کا رکن ہے۔ ہلال احمر پاکستان کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس ادارے کی بنیاد قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے رکھی۔ یہ ادارہ سیلاب، زلزلہ، آندھی، طوفان، حادثہ ہو یا آتش زدگی، ملک بھر میں دکھی انسانیت کی خدمت کرتا ہے۔ اس ادارے کا ایک اور کارنامہ خون کے عطیات جمع کرنا بھی ہے۔ ان عطیات کا ستر فیصد حصہ مستحق لوگوں کو بلا معاوضہ دیا جاتا ہے۔ ہم سب کو چاہیے کہ ہم بڑھ چڑھ کر اس ادارے کی شعور و آگہی مہم کا حصہ بنیں اور ہلال احمر کا حصہ بن کر ملک و قوم کی خدمت کریں۔

خلاصہ

خدمت خلق کے جذبے سے سرشار ایک ایسا فلاحی ادارہ موجود ہے جو ملک میں دکھی انسانیت کی خدمت کرتا ہے، اسے ہلال احمر پاکستان کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ ادارہ مختلف آفات مثلاً سیلاب، زلزلہ، آندھی، طوفان، حادثہ، آتش زدگی کی صورتحال میں پیش پیش ہوتا ہے۔

شاخیں

ملک بھر میں اس کی سو سے زائد شاخیں ہیں۔ اس کا صدر دفتر اسلام آباد کے سیکٹر ایچ / ۸ میں موجود ہے۔ یہ ہنگامی صورتحال میں مدد کے علاوہ خون کے عطیات بھی جمع کرتا ہے۔ خون کے عطیات جمع کرنے کے لیے اس کے سات مراکز موجود ہیں۔

خدمات

یہ ادارہ بغیر کسی قومی، نسلی، لسانی امتیاز کے انسانیت کی مدد کرتا ہے۔ اس کے پاس ہمہ وقت تیس ہزار سے زائد خاندانوں کا راشن موجود ہوتا ہے۔ یہ ادارہ ہر سال دس ہزار کے قریب بلڈ یونٹس فراہم کرتا ہے۔ ایک گھر ایک طبی معاون اس ادارے کا نعرہ ہے۔ اس ادارے نے اسلام آباد اور راولپنڈی کے لیے ہیلپ لائن ۱۰۳۰ کا آغاز کر دیا ہے۔ حال ہی میں اسلام آباد کے اتوار بازار میں لگنے والی آگ کو ہلال احمر پاکستان کے رضا کاروں نے بجھایا اور وقت پر پہنچ کر زخمیوں کی مدد بھی کی۔ اس ادارے نے خیبر پختونخواہ کے علاقے لوئر دیر میں لوگوں کو پھٹے ہوئے بارودی مواد کے بارے میں آگاہی دی۔ اس کے ساتھ ساتھ وہاں کباڑ خانوں سے حاصل ہونے والے بارودی مواد کو تلف بھی کیا۔

پیراگراف کی تشریح

اقتباس نمبر ا۔ بارودی سرنگوں کے..................بارودی مواد کو تلف کیا گیا۔